سب سے پہلے ہونے
والے تیس افعال
N A Z
Writes

حدیث۔(Hadith One) یا کسی بھی انٹر نیشنل نمبرنگ والی ایپلیکیشن

سے آپ مذکورہ احادیث کو نمبرنگ کے ذریعے آسانی سے تلاش کر سکتے

حدیث	نمبر	حدیث	نمبر
پھلی حدیث (بخاری)	171	سولھویں حدیث	6238
دوسری حدیث =	350	سترہویں حدیث	6529
تیسری حدیث	892	اٹھارہویں حدیث	6533
چوتھی حدیث	2924	انیسویں حدیث	6624
پانچویں حدیث	2924	بیسویں حدیث	6982
چھٹی حدیث	3335	اکیسویں حدیث (مسلم)	177
ساتویں حدیث	3366	بائیسویں حدیث =	483
آٹھویں حدیث	3728	تئیسویں حدیث	484
نویں حدیث	3845	چوبیسویں حدیث	2157
دسویں حدیث	3910	پچیسویں حدیث	6361
گیارہویں حدیث	3938	چھبیسویں حدیث (داؤد)	5213
بارہویں حدیث	3938	ستائیسویں حدیث (ترمذی)	2610
تیرہویں حدیث	4624	اٹھائیسویں حدیث =	3358
چودھویں حدیث	4625	انتیسویں حدیث (مالک)	1576
پندرہویں حدیث	4863	تیسویں حدیث (محمد)	494

ابتدائیہ

"الاوائل" انتہائی دلچسپ موضوع ہے۔ سب سے پہلا جنتی، سب سے پہلی مسجد، سب سے پہلا جمعہ، سب سے پہلے مصافحہ، سب سے پہلا قتل اور اس طرح کی دیگر دلچسپ باتوں کو رسالہ کا حصہ بنایا ہے۔ یعنی جو کام کسی حوالے سے سب پہلے ہوا اُن باتوں کو جمع کرنا ہی اس رسالے کا موضوع ہے۔

NAZ Writes

(پہلی حدیث)

عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَمَّا حَلَقَ رَأْسَهُ
كَانَ أَبُو طَلْحَةَ أَوَّلَ مَنْ أَخَذَ مِنْ شَعَرِهِ.

(ترجمہ حدیث)

روایت ہے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (حجۃ الوداع میں) جب سر کے بال منڈوائے تو سب سے پہلے ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بال لیے تھے۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے پہلے نماز میں دو دو رکعت فرض کی تھی۔ سفر میں بھی اور اقامت کی حالت میں بھی۔ پھر سفر کی نماز تو اپنی اصلی حالت پر باقی رکھی گئی اور حالت اقامت کی نمازوں میں زیادتی کر دی گئی۔

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ کی مسجد کے بعد سب سے پہلا جمعہ بنو عبدالقیس کی مسجد میں ہوا جو بحرین کے ملک جواثی میں تھی۔

NAZ Writes

(چوتھی حدیث)

فَحَدَّثَتْنَا أُمُّ حَرَامٍ أَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ ﷺ يَقُولُ:

أَوَّلُ جَيْشٍ مِنْ أُمَّتِي يَغْزُونَ الْبَحْرَ قَدْ أَوْجَبُوا

(ترجمہ حدیث)

حضرت ام حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا ہے، آپ ﷺ نے فرمایا تھا کہ میری امت کا سب سے پہلا لشکر جو دریائی سفر کرکے جہاد کے لیے جائے گا، اس نے (اپنے لیے اللہ تعالیٰ کی رحمت و مغفرت) واجب کرلی۔

(ترجمہ حدیث)

حضرت ام حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بیان کیا کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ سب سے پہلا لشکر میری امت کا جو قیصر (رومیوں کے بادشاہ) کے شہر (قسطنطنیہ) پر چڑھائی کرے گا ان کی مغفرت ہو گی۔

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب بھی کوئی انسان ظلم سے قتل کیا جاتا ہے تو آدم (علیہ السلام) کے سب سے پہلے بیٹے (قابیل) کے نامہ اعمال میں بھی اس قتل کا گناہ لکھا جاتا ہے۔ کیونکہ قتل ناحق کی بنا سب سے پہلے اسی نے قائم کی تھی۔

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

حضرت ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! سب سے پہلے روئے زمین پر کون سی مسجد بنی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مسجد الحرام۔

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

حضرت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنا، وہ بیان کرتے تھے کہ عرب میں سب سے پہلے اللہ کے راستے میں، میں نے تیر اندازی کی تھی۔

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا جاہلیت میں سب سے پہلا قسامہ ہمارے ہی قبیلہ بنو ہاشم میں ہوا تھا۔

(ترجمہ حدیث)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بیان کیا کہ سب سے پہلا بچہ جو اسلام میں (ہجرت کے بعد) پیدا ہوا، عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کی پہلی نشانی ایک آگ ہے جو انسانوں کو مشرق سے مغرب کی طرف لے جائے گی۔

(ترجمہ حدیث)

جس کھانے سے سب سے پہلے اہل جنت کی ضیافت ہوگی وہ مچھلی کی کلیجی کا بڑھا ہوا ٹکڑا ہوگا (جو نہایت لذیذ اور زود ہضم ہوتا ہے)

(ترجمہ حدیث)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں نے جہنم کو دیکھا کہ اس کے بعض حصے بعض دوسرے حصوں کو کھائے جا رہے ہیں اور میں نے عمرو بن عامر خزاعی کو دیکھا کہ وہ اپنی آنتیں اس میں گھسیٹتا پھر رہا تھا۔ یہی وہ شخص ہے جس نے سب سے پہلے سانڈ چھوڑنے کی رسم ایجاد کی تھی۔

NAZ Writes

(چودہویں حدیث)

قَالَ: أَلَا وَإِنَّ أَوَّلَ الْخَلَائِقِ يُكْسَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِبْرَاهِيمُ،

(ترجمہ حدیث)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن تمام مخلوق میں سب سے پہلے ابراہیم (علیہ السلام) کو کپڑا پہنایا جائے گا۔

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ سب سے پہلے نازل ہونے والی سجدہ والی سورت سورۃ النجم ہے۔

(سولہویں حدیث)

وَكَانَ أَوَّلَ مَا نَزَلَ فِي مُبْتَنَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِزَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ أَصْبَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِهَا عَرُوسًا،

(ترجمہ حدیث)

پردہ کے حکم کا نزول سب سے پہلے اس رات ہوا جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زینب بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کے بعد ان کے ساتھ پہلی خلوت کی تھی۔

(ترجمہ حدیث)

ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ان سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن سب سے پہلے آدم (علیہ السلام) کو پکارا جائے گا۔

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا سب سے پہلے جس چیز کا فیصلہ لوگوں کے درمیان ہوگا وہ ناحق خون کے بدلہ کا ہوگا۔

NAZ Writes

(انیسویں حدیث)

عن أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ ﷺ، قَالَ: نَحْنُ الْآخِرُونَ السَّابِقُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

(ترجمہ حدیث)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ہم آخری امت ہیں اور قیامت کے دن جنت میں سب سے پہلے داخل ہوں گے۔

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ پر وحی کی ابتدا سونے کی حالت میں سچے خواب کے ذریعہ ہوئی۔

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

حضرت طارق بن شہاب سے روایت ہے کہ عید کے دن سب سے پہلے نماز سے قبل جس شخص نے خطبہ شروع کیا وہ مروان تھا

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ سارے لوگوں میں سے سب سے پہلے میں جنت میں شفاعت کروں گا

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سب سے پہلا میں ہوں گا جو جنت کا دروازہ کھٹکھٹاؤں گا۔

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

حضرت علی بن ربیعہ سے روایت ہے کہ کوفہ میں سب سے پہلے قرزعہ بن کعب پر نوحہ کیا گیا

(پچیسویں حدیث)

قَالَ أَبُو ذَرٍّ فَإِنِّي لَأَوَّلُ النَّاسِ حَيَّاهُ بِتَحِيَّةِ الْإِسْلَامِ

(ترجمہ حدیث)

حضرت ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں لوگوں میں سب سے پہلے ہوں جس نے آپ ﷺ کو اسلام کے مطابق سلام کیا

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یمن کے لوگ آئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہارے پاس یمن کے لوگ آئے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے سب سے پہلے مصافحہ کرنا شروع کیا۔

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

یحییٰ بن یعمر کہتے ہیں کہ سب سے پہلے جس شخص نے تقدیر کے انکار کی بات کی وہ معبد جہنی ہے،

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن سب سے پہلے بندے سے جن نعمتوں کے بارے میں سوال کیا جائے گا، (وہ یہ ہیں) اس سے کہا جائے گا: کیا میں نے تمہارے لیے تمہارے جسم کو تندرست اور ٹھیک ٹھاک نہ رکھا اور تمہیں ٹھنڈا پانی نہ پلاتا رہا؟

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

حضرت سعید بن مسیب نے کہا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہی نے سب سے پہلے مہمان کی ضیافت کی اور سب سے پہلے ختنہ کیا اور سب سے پہلے مونچھیں کاٹیں۔

NAZ Writes

(ترجمہ حدیث)

قاسم (رح) کہتے ہیں کہ جب لوگ جمرات پر رمی کرتے تو پیدل آتے اور لوٹتے۔ سب سے پہلے سوار ہو کر رمی معاویہ بن ابی سفان رضی اللہ عنہا نے کی۔